ادارہ

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز اور افتتاحی تقریب: الحمدللہ ۱۴ر شوال ۱۴۳۴ھ بمطابق ۲۱ راگست ۲۰۱۳ء بروز بدھ کو دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز ہوا۔اس سے قبل دارالعلوم کے تمام درجات میں کثیر تعداد میں خالصتاً میرٹ اور وفاق المدارس کی اسناد کی بنیاد پر داخلے ہوئے اور باوجود سخت امتحان (انٹری ٹسٹ) اور قواعد وضوابط کے شعبہ درس نظامی، حفظ، تخصص وغیرہ میں ہزاروں طلباء کے اس سال الحمدللہ داخلے مکمل ہوئے۔جن میں صرف دورہ حدیث کے طلباء کی تعداد پندرہ سو کے لگ بھگ ہے جبکہ وسائل کی کمی اور حالات کی خرابی کی وجہ سے نہایت سخت قیود وشرائط کا لحاظ رکھا گیا تھا۔افتتاح کے موقع پر دارالعلوم کے تمام اساتذہ' مشائخ وطلباء ایوان شریعت (دارالحدیث) کے وسیع وعریض ہال میں جمع تھے۔حسب سابق پہلے اجتماعی طور پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔پھر اسکے بعد حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے درس حدیث ترمذی سے باقاعدہ اسباق کا آغاز کیا۔اس موقع پر آپ نے طلباء سے فضیلت علم، علماء، طلباء کی ذمہ داریاں، پابندی اوقات اور موجودہ نئے حالات میں دینی مدارس اور علماء وطلباء کو درپیش نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور علمی تیاریوں کے بارے میں نصیحت آموز اور سیر حاصل خطاب فرمایا۔پھر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے تفصیلی اور ہدایات سے بھرپور جامع خطاب فرمایا۔

حضرت مہتمم صاحب کا سفر حرمین: امسال بھی حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ۲۱ر رمضان المبارک کو حرمین شریفین کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے دوران سفر آپ کی ملاقات امام حرم کی وچیئر مین سینٹ جناب الشیخ صالح بن حمید مدظلہ اور دیگر علماء ومشائخ سے ہوئی۔عید الفطر آپ نے مدینہ منورہ میں ادا کی۔۱۰ راگست کو آپ کی واپسی ہوئی' آپ کے ہمراہ مولانا سید احمد شاہ حقانی بھی تھے۔اس کے بعد ۲۶ راگست کو دوبارہ آپ سعودی ترقیاتی بینک کی دعوت پر جدہ میں صحت کے حوالے سے انٹرنیشنل کانفرنس میں شرکت کیلئے تشریف لے گئے۔کانفرنس میں آپ نے دارالعلوم حقانیہ اور جمعیۃ علماء اسلام کی طرف سے نمائندگی کی۔پاکستان سے مختلف اہم دینی اور مذہبی شخصیات کے علاوہ سعودی عرب کے نامور شیوخ بھی شرکت کریں گے۔

جناب شفیق الدین صاحب کیلئے دعائے صحت کی اپیل: ۲ ماہ تک ہسپتال میں زیر علاج رہنے کے بعد گھر منتقل ہوگئے ہیں لیکن تاحال طبیعت ناساز ہے۔قارئین الحق اور فضلاء حقانیہ سے ان کیلئے مزید خصوصی دعاؤں کی ضرورت ہے۔

دارالعلوم کے نئے اساتذہ کی تقرری: امسال دارالعلوم حقانیہ میں نئے اساتذہ کی تقرری ہوئی جس میں معقولات ومنقولات کے ماہر اور جید مدرس مولانا رشید احمد سواتی 'مصنف 'معارف الکافیہ' کے علاوہ مولانا محمود الحسن حقانی بن شیخ الحدیث مولانا مغفور اللہ صاحب اور مولانا بلال احمد پشاوری شامل ہیں۔